# سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کا سینٹرل جیل گوجرانوالہ کا دورہ

وزیر اعلیٰ پنجاب جیل ریفارمز ایجنڈے پر عملدرآمد۔

سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کا سنٹرل جیل گوجرانوالہ کا دورہ۔

سنٹرل جیل گوجرانوالہ میں نئی تعمیر کردہ رہائش گاہوں کا افتتاح کیا۔

اسیران اور اہلکاروں کو صاف پانی کی فراہمی کیلئے واٹر فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح کیا۔

جیل میں پرانی رہائش گاہیں تقریباً 50 سال قبل تعمیر ہوئیں جو کہ اب خستہ حال ہو چکی تھیں۔

نئی تعمیر ہونے والی رہائش گاہوں سے ملازمین کے 28 خاندان مستفید ہوں گے۔

اسیران کو صاف پانی کی ہمہ وقت فراہمی کیلئے آر او واٹر فلٹریشن پلانٹ لگوایا گیا ہے۔

واٹر فلٹریشن پلانٹ سے تقریباً 4500 اسیران مستفید ہوں گے۔

سیکرٹری داخلہ نے جیل سائیکالوجسٹس اور یونیورسٹی پروفیسرز سے بھی ملاقات کی۔

اسیران کی ذہنی صحت کی جانچ اور ان میں مثبت رویوں کا فروغ نہایت اہم ہے، سیکرٹری داخلہ پنجاب۔

سیکرٹری داخلہ نے جیل کے مختلف حصوں کا دورہ کر کے انتظامات کا جائزہ لیا۔

سپرنٹنڈنٹ جیل چوہدری اصغر علی نے سیکرٹری داخلہ پنجاب کو بریفنگ دی۔

سیکرٹری داخلہ نے اسیران سے ملاقات کیلئے آئے شہریوں سے "ملاقات ایپ" کی افادیت بارے دریافت کیا۔

سیکرٹری داخلہ نے جوینائل جیل میں بچوں کیساتھ وقت گزارا اور تعلیم و تربیت کیساتھ کھیلوں کے انتظام کا جائزہ لیا۔

سیکرٹری داخلہ نے جیل انڈسٹری میں مصنوعات کی تیاری کے مراحل دیکھے اور معیار کا جائزہ لیا۔

اسیران سے ملاقات کیلئے آنے والے خواتین و حضرات کیلئے بھی اسی طرز کا واٹر فلٹریشن پلانٹ لگایا جا رہا ہے۔

سنٹرل جیل میں اسیران کی تعلیم وتربیت کے علاوہ ان کو ہنر مند بنانے کیلئے مختلف کورسز کروائے جارہے ہیں۔

اسیران کی تیار کردہ پراڈکٹس مارکیٹ میں فروخت کرکے قیدیوں کی مالی معاونت کی جاتی ہے۔

مقامی مخیر حضرات کے تعاون سے سیٹلائٹ ٹاون مارکیٹ میں 6 ملین روپے کی لاگت سے ڈسپلے سنٹر تعمیر کیا جارہا ہے۔

ڈسپلے سنٹر میں پنجاب بھر کی جیلوں میں تیار ہونے والی پراڈکٹس فروخت کیلئے رکھی جائیں گی۔

ڈسپلے سنٹر کی آمدن سے جیل میں ہنر سیکھنے والے اسیران کی مالی معاونت کرکے ان کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

ہنر مند قیدی رہائی کے بعد باعزت روزگار کے ذریعے اپنے خاندان کا سہارا بن سکیں گے، سیکرٹری داخلہ پنجاب۔

سیکرٹری داخلہ ودیگر نے جیل ورہائش گاہوں کے احاطے میں پودے لگائے۔

آئی جی جیل خانہ جات، کمشنر گوجرانوالہ، آرپی او گوجرانوالہ، سی پی او گوجرانوالہ، ایڈیشنل سیکرٹری پریزن، ڈپٹی سیکرٹری پریزنز، ڈپٹی سیکرٹری ڈویلپمنٹ بھی ہمراہ تھے۔